Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

QUR'AN · SOLUTIONS TO YOUR PROBLEMS

Purity & Glorious

پاکیزگی و نورانیت

وَلِلّٰهِ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى فَادْعُوْهُ بِهَا۔۔۔

WALILLAAHI AL-ASMAA'U AL-HUSNAA FAD'OOHU BIHAA...

And Allah's are the best names, therefore call on Him thereby...

اور اللہ ہی کے لئے بہترین نام ہیں لہذا اسے ان ہی کے ذریعہ پکارو۔۔۔

> Reciting YAA QUDDOO-SO 170 times daily is more effective in realisation of truth, the pureness of soul and the excellence of character.

> روزانہ 170 مرتبہ ''یَاقُدُّوْسُ'' کا ورد کرنا عرفان حق، نفس کی پاکیزگی اور اخلاقی خوبیوں کے پیدا کرنے کیلئے بہترین و مؤثر ہے۔

> For the pureness of soul and for high position reciting this zikr 978 times during daytime is beneficial...

> روح کی پاکیزگی اور درجات عالیہ کے حصول کے لئے دن کے اوقات میں 978 مرتبہ اس ذکر کا ورد کرنا فائدہ مند ہے۔۔۔

یَا خَالِقَ الْاَرْوَاحِ

YAA KHAALIQA AL-ARWAAH

O Creator of the souls/spirits.

اے روحوں کو پیدا کرنے والے!

> For inner cleanness and for purity of heart reciting YAA SHAKOO-RO 526 times daily for 4 days is beneficial.

> باطن کی صفائی اور دل کی پاکیزگی کے لئے 4 دن تک روزانہ 526 مرتبہ ''یَاشَکُوْرُ'' کا ورد بہت ہی مؤثر ہے۔

Free to read, copy and share

To be safe from bad habits, and to achieve pure habits and position and respect reciting this zikr 703 times during daytime is beneficial...

بری صفات سے بچنے، پاکیزہ صفات کے حصول اور مقام و عزت حاصل کرنے کے لئے دن کے اوقات میں کسی وقت 703مرتبہ اس ذکر کا ورد فائدہ مند ہے۔۔۔

اَنْتَ الْاِلٰهُ الْمَجِيْدُ الْحَمِيْدُ

ANTA AL-ILAAHU AL-MAJEEDU AL-HAMEED

You are the God of Glory and Praise (the Most Glorious, the Most Praiseworthy).

تو ہی بزرگی اور حمد والا معبود ہے۔

Reciting YAA MAAJE-DO 148 times in seclusion will enlighten the heart and make it clean and pure.

''یَا مَاجِدُ'' کا خلوت میں 148 مرتبہ ورد کرنا قلب کو نورانی اور پاک و پاکیزہ کرتا ہے۔

If one eats the food in such a manner that he recites YAA WAAHE-DO on every morsel (bite) will enlighten his heart and will make it clean and pure.

اگر کوئی کھانا اس طرح کھائے کہ اس کے ہر لقمہ پر ''یَا وَاحِدُ'' کہے تو اس کا قلب نورانی اور پاک و پاکیزہ ہوجائے گا۔

For pureness of the hearts and to get rid of bad habits reciting this zikr 672 times during daytime is beneficial...

دلوں کی پاکیزگی اور برائیوں سے دوری کے لئے دن کے وقت 672 مرتبہ اس ذکر کا ورد فائدہ مند ہے۔۔۔

يَا وَالِيَ الْمُتَّقِيْنَ

YAA WAALIYA AL-MUTTAQEEN

O Guardian (Protector) of the God-fearing (the righteous).

اے پرہیزگاروں کے سرپرست)نگہبان(۔

Free to read, copy and share

If a person starts reciting YAA NAAFE'O from Thursday and on every Eve of Friday (shab'e Juma) recites 603 times for 6 Fridays will be independent in obvious and hidden, all his enemies will be conquered, will get profit in all his work from the start. Besides this he will be beneficial among people, he will have purity and will always overpower.

جو شخص جمعرات کے دن ''یَا نَافِعُ'' کا ورد شروع کرے اور چھ شب جمعہ میں ہر دفعہ 603 مرتبہ ''یَا نَافِعُ'' کا ورد کرے تو وہ شخص ظاہر و باطن میں مستغنی ہوگا، اس کے تمام دشمن مغلوب ہوں گے، ہر کام اور اقدام میں نفع حاصل کرے گا، اس کے علاوہ اس کا نفع تمام لوگوں کو پہنچے گا، اس میں پاکیزگی ہوگی اور ہمیشہ غالب رہے گا وغیرہ وغیرہ۔

For pureness of heart, reforming inner self (nafs ammaara), protection from ignorance & misguidance and repentance from sins recitation of these verses (85:13-16) is tried and tested...

تسخیر قلوب، نفس امارہ کی اصلاح، ضلالت و گمراہی سے تحفظ اور گناہوں سے توبہ کے لئے درج ذیل آیات (۸۵:۱۳ تا ۱۶) کا ورد بہت ہی مجرب ہے۔۔۔

اِنَّهٗ هُوَ يُبْدِئُ وَيُعِيْدُ. وَهُوَ الْغَفُوْرُ الْوَدُوْدُ. ذُو الْعَرْشِ الْمَجِيْدُ فَعَّالٌ لِّمَا يُرِيْدُ

INNAHOO HUWA YUBDI'U WAYU'EED. WAHUWA AL-GHAFOORU AL-WADOOD. ZOO AL-'ARSHI AL-MAJEEDU FA''AALUN LIMAA YUREED

Surely He it is Who originates and reproduces. And He is the Forgiving, the Loving. Lord of the Arsh, the Glorious. The great doer of what He will.

وہی پیدا کرنے والا اور دوبارہ ایجاد کرنے والا ہے۔ وہی بہت بخشنے والا اور محبت کرنے والا ہے۔ وہ صاحب عرشِ مجید ہے۔ جو چاہتا ہے کر سکتا ہے۔

Reciting YAA SAADE-QO on regular basis will be the cause of achieving truth and purity.

''یَا صَادِقُ'' کو اپنا ورد بنا لینا حصول صدق و صفا کا موجب ہے۔

Reciting this zikr 306 times during daytime is the cause of truthfulness and purity...

اس ذکر کا ورد دن کے وقت 306 مرتبہ حصول صدق و صفا کا موجب ہے۔۔۔

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

يَا صَادِقَ الْوَعْدِ

YAA SAADIQA AL-WA'D

O Truthful in Promise / O One who always fulfills His promise.

اے وعدہ پورا کرنے والے / اے سچے وعدے والے۔

> Any person who recites YAA KHAALE-QO daily then his faith will become strong, heart will be enlightened and he will be aware of the knowledge and understanding of Allah (swt).

> جو شخص روزانہ ''یَا خَالِقُ'' کا ورد کرتا رہے اس کا عقیدہ مستحکم اور دل نورانی ہوگا اور وہ علوم و معارف الٰہیہ سے مطلع ہوگا۔

> Reciting YAA BAASE-TO frequently is beneficial for the enlightenment of the heart.

> ''یَابَاسِطُ'' کا ہمیشہ ذکر کرنا دل کے نورانی ہونے کے لئے بہت ہی نافع ہے۔

> For the enlightenment of heart, abundance of sustenance and to get relief from the sadness recitation of YAA BAASE-TO 82 times during daytime is beneficial and effective.

> دل کی نورانیت، رزق کی کشادگی اور غموں سے دوری کے لئے دن کے وقت 82 مرتبہ ''یَابَاسِطُ'' کا ورد مفید و مؤثر ہے۔

> Reciting this zikr frequently is tried and tested for the enlightenment of the heart...

> اس ذکر کا بہت زیادہ ورد کرنا دل کے نورانی ہونے کے لئے مجرب ہے۔۔۔

يَا مَجِيْدُ يَامَاجِدُ

YAA MAJEEDU YAA MAAJID

O Most Glorious! O Most Noble / Most Magnificent.

اے بہت بزرگی و شان والے ! اے نہایت باعزت و عظمت والے !

Free to read, copy and share

For the awareness of soul and the enlightenment of heart reciting this zikr 820 times during night is beneficial and effective...

روح کی بیداری اور دل کی نورانیت کے لئے رات کے وقت 820 مرتبہ اس ذکر کا ورد مفید و مؤثر ہے۔۔۔

يَابَاعِثَ الْاَرْوَاحِ

YAA BAA'ITHA AL-ARWAAH

O Raiser (Sender-forth) of souls (O One who brings souls forth).

اے روحوں کو اٹھانے/ بھیجنے والے ! اے روحوں کو زندہ کرنے والے !

Reciting YAA WAKEE-LO frequently is beneficial and effective for the enlightenment of the heart.

''یَاوَکِیلُ'' کا بہت زیادہ ورد دل کے نورانی ہونے کے لئے مفید و مؤثر ہے۔

Protection from the evil of enemy and burning from fire, enlightenment of the heart and to get rid of poverty reciting YAA WAKEE-LO 66 times daily during daytime is beneficial.

دشمن کے شر اور آتش سوزی سے محفوظ رہنے، دل کی نورانیت اور فقر سے دوری کے لئے دن کے وقت روزانہ 66 مرتبہ ''یَاوَکِیلُ'' کا ورد فائدہ مند ہے۔

If any person while eating recites YAA WAAJE-DO on each morsel (bite), then his inner self will be enlightened, and result will be seen quickly.

اگر کوئی شخص کھانا کھاتے ہوئے ہر لقمہ پر ''یَا وَاجِدُ'' کہے اور لقمہ کھالے تو اس شخص کا باطن نورانی ہوجائے گا اور نتیجہ بہت جلد ظاہر ہوگا۔

For acceptance of dua and spirituality reciting YAA MAAJE-DO 48 times during daytime is beneficial.

دعا کی قبولیت اور نورانیت قلب و نظر کے لئے دن کے وقت 48 مرتبہ ''یَاماجِدُ'' کا ورد فائدہ مند ہے۔

Free to read, copy and share

> If one with an empty stomach recites YAA NOORO YAA HAADE-YO and then says this zikr 1000 times then his heart will be enlightened...

> جو خالی پیٹ ''یَا نُوْرُ یَا هَادِیُ'' کا ورد کرے اور پھر 1000 مرتبہ اس ذکر کا ورد کرے اس کا دل نورانی ہوگا۔۔۔

اِهْدِنِیْ یَاهَادِیُ وَاَخْبِرْنِی یَاخَبِیْرُ وَبَیِّنْ لِیْ یَا مُبِیْنُ

IHDINEE YAA HAADIYU WA-AKHBIRNEE YAA KHABEERU WABAYYIN LEE YAA MUBEEN

Guide me, O Guide; inform me, O All-Aware; and make it clear to me, O Clarifier.

اے ہدایت دینے والے ! مجھے سیدھا راستہ دکھا دے۔ اے سب کچھ جاننے والے ! مجھے آگاہ کر دے۔ اے واضح کرنے والے ! میرے لیے بات کو کھول کر صاف سمجھا دے۔

> For the enlightenment of heart and acceptance of duas reciting YAA MUNEE-RO 300 times during daytime is beneficial.

> دل کی نورانیت اور دعاؤں کی قبولیت کے لئے دن کے وقت 300 مرتبہ ''یَا مُنِیْرُ'' کا ورد نفع بخش ہے۔

> Dua to be Purified from Sins (https://fzic.org/library/dua/dua-to-be-purified-from-sins-4144)

> گناہوں سے پاکیزگی کی دعا (https://fzic.org/library/dua/dua-to-be-purified-from-sins-4144)

Printed from https://fzic.org/library/quran/purity-glorious-3969 — the devotional library of the Fatima Zahra Imamia Centre, 80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305. Free to read, copy and share.